حکماء کو وفادار رہ کر انسانی خدمت انجام دینی چاہئے

یوم یونانی کے موقع پر بارہ بنکی یونانی ڈاکٹرس ایسوسی ایشن سے پروفیسر حکیم ارشد علی کا خطاب

بارہ بنکی (نامہ نگار): طب یونانی کے سند یافتہ حکماء طب یونانی کے وفادار رہیں یہی حکیم اجمل خاں کو سچا خراج عقیدت ہوگا۔ یہ مشورہ ڈاکٹر عبد العلی طبیہ کالج اینڈ ہاسپٹل موضع کوٹی تحصیل ملیح آباد کے ڈائریکٹر حکیم ارشد علی نے شہر کے محلہ سول لائن کے بینکوئٹ ہال میں حکیم اجمل خاں کے یوم پیدائش کے موقع پر یونانی ڈاکٹرس ایسوسی ایشن کے زیر اہتمام منعقد یوم یونانی پروگرام میں یونانی ڈاکٹروں کو دیا۔

تقریب میں حکیم اجمل خاں لائف ٹائم اچیومنٹ ایوارڈ ۲۰۲۳ء سے نوازے گئے پروفیسر حکیم ارشد علی نے کہا کہ حکیم اجمل خاں دہلی کے حکمت شریفیہ خاندان سے تعلق رکھتے تھے، جو مرقبات (کمپاؤنڈ دوا) سے مریضوں کا علاج کرتے تھے، جبکہ لکھنؤ کے جھوائی ٹولہ میں طب عزیزیہ خاندن مفردات (سنگل دوا) سے مریضوں کو شفا بخشتے تھے۔ طب عزیزیہ میں حکما کو یہ حق حاصل رہتا تھا کہ وہ مریض کی حسب ضرورت مفردات میں تبدیلی کر سکتے تھے۔ انہوں نے کہا کہ امراض کے علاج سے زیادہ مفید بات یہ ہے کہ انسان امراض سے اپنے کو محفوظ رکھے۔ اسکے لئے اسے اپنی غذا میں تبدیلی کرنی ہوگی۔ رات کا کھانا ہلکا اور صبح کا ناشتہ عمدہ ہونا چاہئے۔ صبح جلدی اٹھ کر ٹہلنے اور ہلکی پھلکی ورزش کا بھی مشورہ انہوں نے دیا۔

تقریب کے مہمان خصوصی سابق ریاستی وزیر اروند سنگھ گوپ نے خطاب میں کہا کہ ڈاکٹر انسانیت کی ایک زندہ مثال ہیں اور انکا مظاہرہ انہوں نے کورونا کی عالمی وبا کے دور میں اپنی جان کی پرواہ کئے بغیر انسانی جانوں کو بچانے کیلئے کیا۔ انہوں نے سماجوادی پارٹی کے قومی صدر اکھلیش یادو کے ذریعہ صوبے کی بدحال طبی حالت کو بہتر کرنے میں کی گئیں کاوشوں کا بطور خاص ذکر کرتے ہوئے یونانی ڈاکٹروں سے وعدہ کیا کہ جب وہ اقتدار میں آئیں گے تو شعبہ طب میں مزید بہتری وہ لائیں گے۔ تقریب

پروفیسر ارشد علی کو ایوارڈ سے نوازتے ہوئے اروند سنگھ گوپ

کے مہمان ذی وقار لکھنؤ ڈویزن کے سابق یونانی افسر ڈاکٹر اخلاق احمد نے حکیم اجمل خاں کی شخصیت پر مختصر الفاظ میں روشنی ڈالتے ہوئے کہا کہ یونانی ڈاکٹروں کو یونانی پیتھی کو مزید مضبوطی دینی چاہئے۔

صحافی فضل انعام مدنی کی نظامت اور بارہ بنکی یونانی ڈاکٹرس ایسوسی ایشن کے صدر ڈاکٹر فاروق احمد کی زیر صدارت منعقد تقریب کا آغاز حافظ و حکیم ریحان ظہیر کی تلاوت کلام پاک سے ہوا۔ اس موقع پر ایسوسی ایشن کے آرگینائزنگ سکریٹری ڈاکٹر سعید الرحمان نے استقبالیہ خطبہ پیش کرتے ہوئے بتایا کہ حکیم اجمل خاں کے یوم پیدائش پر ملک میں پہلا پروگرام یوم یونانی کے طور پر بارہ بنکی یونانی ڈاکٹرس ایسوسی ایشن نے کیا تھا۔ اسی لئے اس دن کو تنظیم اپنے یوم تاسیس کے طور پر بھی مناتی ہے۔ تنظیم کے سکریٹری کوشل کمار نے تنظیم کی سماجی خدمات کے تعلق سے رپورٹ پیش کی۔ اپنے صدارتی خطبہ میں ڈاکٹر فاروق احمد نے اکھلیش یادو کی تعریف کرتے ہوئے بتایا کہ انہوں نے یونانی ڈاکٹروں کو ایلوپیتھی دواؤں میں، گو کہ محدود تعداد میں پریکٹس کرنے کا حق دلایا جسے سپریم کورٹ نے سلب کر دیا تھا۔ اس موقع پر ڈاکٹر زین العابدین، ڈاکٹر چودھری احمد جاوید، ڈاکٹر ضیاء

جلسہ کو خطاب کرتے ہوئے ڈاکٹر حکیم اے ایچ عثمانی

الرحمان، ڈاکٹر مشتاق اور ڈاکٹر تنویر سلطانہ نے مہمان خصوصی و مہمان ذی وقار کا گلپوشی کر کے استقبال کیا۔ تقریب میں آیورویدا اور ہومیو پیتھ سند یافتہ ڈاکٹروں کے علاوہ سابق ایم ایل اے رام گوپال راوت، سماجوادی پارٹی کے ترجمان فراز الدین قدوائی، ہمایوں نعیم خاں، صحافی حشمت اللہ، عقیل احمد، پرویز احمد، عثمان بینائی سمیت شہری معزز شخصیات موجود رہیں۔

وہیں دوسری جانب یوم یونانی کے موقع پر یونانی اسکالرس ایسوسی ایشن بارہ بنکی کے زیر اہتمام صدر ڈاکٹر اے ایچ عثمانی نے اپنی رہائش گاہ پر طب یونانی کے جد اعلیٰ حکیم امجد علی خاں کے یوم پیدائش کے موقع پر تقریب کا اہتمام کیا جس میں مقررین نے مرحوم حکیم اجمل خاں کی جنگ آزادی اور طبی و سماجی خدمات کا اعتراف کرتے ہوئے انہیں خراج عقیدت پیش کیا۔ تقریب کے مہمان خصوصی حکیم صدیق احمد (پرتاپ گڑھ) نے طب یونانی میں حکمت کی پریکٹس کرنا حکیم اجمل کو سچا خراج عقیدت بتایا۔ اس موقع پر سومیا آرگینکس صنعت کے سکھدیش بزرگ ملازم حاجی اختر علی (۷۹) اور ریٹائرڈ کرمچاری سنگھ کے صدر بابو لال ورما (۷۸) کو ان کی عمدہ صحت کے رکھ رکھاؤ پر اعزاز سے نوازا گیا۔

پارسل بھیجنے کا جھانسہ دے کر آئی اے ایس کے والد سے ٹھگی

لکھنؤ (انقلاب نیوز): ساہبر جھلسازوں نے خاتون آئی اے ایس کے والد سے پارسل بھیجنے کے نام پر جھلسازی کر لی۔ وہیں دوسری جانب جھلسازوں نے کریڈٹ کارڈ کا غلط استعمال کر کے لڑکی کے کھاتے سے روپئے نکال لئے ہیں۔ دونوں معاملے گومتی نگر و متارا اور حسین گنج علاقے کے ہیں۔ ساہبر کرائم سیل کی مدد سے معاملے کی جانچ کی جا رہی ہے۔ انسپکٹر سدھیر اوستھی نے بتایا کہ روہنی ریویو اپارٹمنٹ کے اشوک چندرا آئی اے ایس شھرا سکسینہ کے والد ہیں۔ متاثر نے بتایا کہ ۲۹؍جنوری کو ان کے پاس انجان نمبر سے فون آیا تھا۔ فون پر بات کرنے والے نے خود کی شناخت آکاش ورما کی شکل میں کراتے ہوئے ان کے نام سے پارسل آنے کی بات کہی، جس کے لئے پانچ روپے کی آن لائن ادائیگی کی جانی ہے۔ اس کے بعد جھلساز نے متاثر کے وہاٹس ایپ پر ایک لنک بھیجا۔ اس کو کھلتے ہی متاثر کے کھاتے سے تقریباً ایک لاکھ روپے کٹ گئے۔ وہیں جے نارائن لین حسین گنج کے نینا ساہو نے بتایا کہ اس کے کریڈٹ کارڈ کا غلط استعمال کر کے کھاتے سے ۵۵۰۰۰؍روپے نکال لئے۔ موبائل پر رقم کے نکلنے کا میسج آنے پر انہیں جھلسازی کی جانکاری ہوئی۔

کھیت میں چار اجگر ملے، محکمہ جنگلات کے ملازمین نے پکڑا

پورے ڈلنی، بارہ بنکی (انقلاب نیوز): پاور سب اسٹیشن دولہدے پور کے سامنے کھیت میں ایک کے بعد ایک چار اجگر دکھائی دئے، جس سے ہنگامہ مچ گیا۔ اطلاع ملنے پر محکمہ جنگلات کی ٹیم نے موقع پر پہنچ کر مقامی لوگوں کی مدد سے چاروں اجگروں کو پکڑ کر جنگل میں چھوڑ دیا۔ اس دوران دیکھنے کیلئے مقامی لوگوں کی بھیڑ جمع ہوگئی۔ تھانہ حلقہ نکیت نگر کے بسوگا پور گاؤں کے نزدیک بنے پاور سب اسٹیشن دولہدے پور کے سامنے وپن یادو کے کھیتوں میں کئی دنوں سے چار اجگر کو ایک ساتھ دیکھا جا رہا تھا، جس سے مقامی افراد ڈرے ہوئے تھے۔ سنیچر کو مقامی لوگوں نے اس کی اطلاع فاریسٹ انسپکٹر محمد آصف و مالی وپن تیواری کو دی۔ اتوار کی صبح محکمہ جنگلات کے یومیہ ملازمین آدتیہ ورما اور ستیہ پرکاش وشوکرما موقع پر پہنچے۔ وپن نے بتایا کہ ٹیم کے پہنچنے سے کچھ وقت قبل چاروں اجگر وہاں بنی ایک ماند میں گھس گئے۔ مقامی لوگوں نے اس ماند کی کھدائی کی اور پانی بھرا، جس کے بعد ایک کے بعد ایک چاروں اجگر باہر آئے، جنہیں مقامی لوگوں اور محکمہ جنگلات کے ملازمین نے مشقت کے بعد پکڑ لیا۔ فاریسٹ انسپکٹر محمد آصف نے بتایا کہ چاروں اجگر کو ارسنڈا جنگل میں چھوڑ دیا گیا ہے۔

اجگر کو پکڑے ہوئے محکمہ جنگلات کے ملازمین

ای رکشہ چوری

لکھنؤ (انقلاب نیوز): گومتی نگر علاقے میں ای رکشہ ڈرائیور رفع حاجت کرنے لگا۔ تبھی اس میں سوار

ں میں ۴۳۶۴؍ آر او اور اے آر او کا امتحان، ۴۳۶۴؍ نے امتحان چھوڑا



بغیر ٹنڈر اور اسٹیمیٹ گئوشالہ تعمیر، دیوار اٹھا کر صرف ٹین شیڈ رکھا گیا

سدھور، بارہ بنکی (انقلاب نیوز): اپنے بیسنہ کے ٹھیکیدار کو

HAKEEM AJMAL KHAN
11
PRESIDENT
CHIEF GUEST
GUEST OF HONOUR
FAKRUL

HAKEEM AJMAL KHAN
LIFETIME ACHIEVEMENT AWARD 2023
11 FEB 2024
This citation is awarded to
Prof. Hkm. Arshad Ali
Director Dr. Abdul Ali Tibbiya
College & Hospital Lucknow
for his meritorious
services in the field of unani medicine
Unani Doctor's Association, Barabanki

HAKEEM AJMAL KHAN
11
PRESIDENT
CHIEF GUEST
GUEST OF HONOUR
FAKRUL

rauvolfia serpentina (asraul)

FAKRUL